


قرآن مجید کو صحت کے ساتھ پڑھنے کے لئے ابتدائی قاعدہ
خیرکم من تعلم القرآن وعلمه
سلیمانی
قاعدہ
مرتب
محمد سلیمان بن صلاح الدین محمدی
دار ابن الصلاح للنشر والتوزیع شہداد پور سندھ
دار ابن الصلاح شہداد پور



کتاب : ...... سلیمانی قاعدہ

مرتب : ...... محمد سلیمان بن صلاح الدین محمدی

ناشر : ...... دار ابن الصلاح للنشر والتوزیع شہداد پور سندھ

ھدیہ : ...... 60/- روپے

ہماری مطبوعات کے حصول کے لئے رابطہ فرمائیں۔

سندھ:

حافظ عبدالعزیز آرائیں (شہدادپور) 03322040765	حافظ فہیم الدین (شہدادپور) 03322460391
حافظ ابراہیم الحق آرائیں (ٹنڈو آدم) 03003000779	عادل طارق (ٹنڈو آدم) 03013620107
ادریس آرائیں (حیدرآباد) 03083290050	انور سرور (کراچی) 03216752142
عارف محمدی (پڈعیدن) 03088231729	مولانا شفیق الرحمن ساجد (محراب پور) 03003301326
مولانا عقیل الرحمن بصری (محراب پور) 03013637328	قاری شکیل احمد (نوشہرو فیروز) 03041302331
منظور (نوشہرو فیروز) 03003238227	نعیم الحق (ٹھارو شاہ) 03013517095
عبداللہ مقصود (دریا خان مری) 03083103334	مولانا آصف آرائیں (دوڑ) 03043999359
حافظ سلیمان (خیرپور) 03033999331	تنویر (محراب پور) 03022336380
سہیل کوسو (منجھند) 03012163242	ڈاکٹر محمد ایوب (نوابشاہ) 03013817145

پنجاب:

مولانا آصف جیلی (لاہور) 03012720837	ابو سفیان (واہ کینٹ) 03001353452
قاری حمزہ (واہ کینٹ) 03065722625	طاہر بخاری (جہلم) 03335828252
چوہدری جاوید عمر (دیپالپور) 03365861958	عبدالستار (گوجرانوالہ) 03073849951
قاری شہزاد (گوجرانوالہ) 03012267374	مولانا محمد سلیم (منڈی بہاؤالدین) 03452532891
قاری شعیب گیلانی (منڈی بہاؤالدین) 03421351728	شاہد مجید (ملتان) 03041533465
نوید (صادق آباد) 03083476835	

خیبر پختونخواہ:

ابو عامر اصغر علی (ایبٹ آباد) 03068126051	قاری حذیفہ (مانسہرہ) 03135534087
سعد (ٹنک پور) 03165443617	قاری عطاء الرحمن (صوابی) 03059207284

قرآن مجید کو تجوید کے ساتھ پڑھنے کے لیے ابتدائی قاعدہ

خيركم من تعلم القرآن وعلمه

سلیمانی قاعدہ

مرتبہ

محمد سلیمان بن صلاح الدین محمدی

دار ابن الصلاح للنشر والتوزیع شہداد پور سندھ



عرض مرتب

قرآن مجید ایسی کتابِ ہدایت ہے جس کے سر چشمہ صافی سے تا ابد فیض جاری رہیگا، نزولِ قرآن سے لیکر اب تک امت مسلمہ انفرادی واجتماعی سطح پر قرآن مجید پڑھنے، سیکھنے اور سکھانے کے لیے کوشاں رہی ہیں، کیوں نہ ہو صادق المصدوق ﷺ نے خود فرمایا خَيْرُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَهٗ۔

قرآن مجید کو صحیح مخارج کے ساتھ ادائیگی کے لیے علماء وقراء کرام نے بہت سی کوششیں کی ہیں اور تجوید کے اصول وقوانین پر کتب اور قاعدے ترتیب دیے ہیں، زیر نظر قاعدہ بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے اس قاعدے کو ایک نئی ترتیب کے ساتھ پیش کرنے کی ادنٰی سی کوشش کی گئی ہے کہ جو قرآن مجید کو صحیح ادائیگی میں ممد ومعاون ثابت ہو سکتا ہے (ان شاء اللہ) معلّمین تمام اسباق کو ہدایات کے مطابق پڑھائیں اور حروف کی پہچان والفاظ کی ادائیگی اچھی طرح کرائی جائے اور قواعد طلبہ کو اچھی طرح یاد کروائیں اور تمام اسباق کی مشق طلبہ سے ہی ہجے کروائیں، نیز آخر میں مسنون نماز، نماز کے بعد کے اذکار، نماز جنازہ کی دعائیں، معمولاتِ زندگی کی چند دعائیں اور قرآنی دعائیں اور چند احادیث رسول ﷺ بھی شامل کی گئی ہیں، طلبہ کو لازمی طور پر یاد کروائیں۔

قارئین سے مؤدبانہ التماس ہے کہ اگر اس قاعدہ کا کسی قدر حق ادا ہوا ہے تو وہ محض توفیق الٰہی کا فیض ہے یا پھر اساتذہ کرام کی راہنمائی کا ثمرہ ہے، اور اگر کمی رہ گئی ہو تو قراء کرام سے امید ہے کہ وہ اس سلسلہ میں میری راہنمائی فرمانے میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کریں، میں بھی ایسے احباب کا تہہ دل سے شکر گزار رہوں گا۔

آخر میں بارگاہ ایزدی میں التجا ہے کہ اس حقیر سی کاوش کو شرف قبولیت سے نواز کر میرے لیے، میرے اساتذہ، والدین واہل خانہ اور جملہ معاونین کے لیے صدقہ جاریہ، درجات کی بلندی کا باعث بنائے۔ آمین یارب العالمین،

العبد الفقیر الی رحمۃ ربہ القدیر
محمد سلیمان بن صلاح الدین محمدی (شہدادپور، سندھ
خادم دار ابن الصلاح للنشر والتوزیع شہدادپور سندھ
(03003353452) Sufyansuleman452@gmail.com

سبق نمبر (۱) مفرد حروف بالترتیب

أَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

عربی زبان میں حروف مفرد کی تعداد 29 ہے۔

مفردات کو تجوید و قراءت کے مطابق عربی لہجہ میں ادا کریں اور اردو تلفظ سے پرہیز کریں پُر پڑھے جانے والے حروف خوب پُر پڑھائیں اور جن حروف میں سیٹی کی آواز پیدا ہوتی ہے ان میں سیٹی کی آواز پیدا کرائیں۔

(الف، ہمزہ) کو بغیر کھینچے ادا کریں اور دو حرفی (تا) کو تھوڑا سا کھینچ کر ادا کریں اور تین حرفی (جیم) کو دوگنا کھینچ کر ادا کریں۔

اس سبق کو خوب ذہن نشین کروائیں اور زبانی یاد کروائیں۔

ا (الف)	ب (با)	ت (تا)	ث (ثا)	ج (جیم)	ح (حا)
خ (خا)	د (دال)	ذ (ذال)	ر (را)	ز (زا)	س (سین)
ش (شین)	ص (صاد)	ض (ضاد)	ط (طا)	ظ (ظا)	ع (عین)
غ (غین)	ف (فا)	ق (قاف)	ك (کاف)	ل (لام)	م (میم)
ن (نون)	و (واو)	ھ (ھا)	ء (ہمزہ)	ی (یا)	ے (یا)

سبق نمبر (2) مفرد حروف بالعکس

یہ سبق طلبہ سے سنیں اگر حروف کی ادائیگی یا پہچان میں غلطی ہو تو پچھلا سبق دوبارہ پڑھائیں۔

ے	ی	ء	ھ	و	ن
م	ل	ک	ق	ف	غ
ع	ظ	ط	ض	ص	ش
س	ز	ر	ذ	د	خ
ح	ج	ث	ت	ب	ا

سبق نمبر (3) مشق مخلوط حروف مفرد

یہ سبق طلبہ سے سنیں اگر حروف کی ادائیگی یا پہچان میں غلطی ہو تو پچھلا سبق دوبارہ پڑھائیں ورنہ آپ کی محنت اور بچے کی عمر رائیگاں ہو جائے گی۔

ق	ط	ب	ج	د	خ
ص	ض	غ	ط	ق	ظ
ء	ھ	ع	ح	غ	خ
ب	ف	م	و	ز	س
ص	ت	ط	د	ض	ز
ذ	ظ	ث	س	ص	ج

ل	م	ر	ی	ک	ش
ح	ھ	ء	ا	ن	و

سبق نمبر (4) (حروف مہملہ) نقطوں کے بغیر مفرد حروف

یہ حروف طلبہ کو خوب ذہن نشین کروائیں اور زبانی سنیں، حروف کی ادائیگی بھی چیک کریں کہ طالب علم میں کتنی بہتری آئی ہے اور کمی کو مکمل ختم کرنے کی کوشش کریں۔

نقطوں کے بغیر مفرد حروف کی تعداد 14 ہے

س	ر	د	ح	ا
ل	ك	ع	ط	ص
	ء	ہ	و	م

سبق نمبر (5) (حروف معجمہ) نقطوں کی پہچان

طلبہ کو نقطہ کی پہچان کروائیں کہ ایک نقطہ کبھی حرف کے اوپر اور کبھی نیچے ہوتا ہے اور کبھی دو نقطے حرف کے اوپر اور کبھی نیچے ہوتے ہیں اور تین نقطے ہمیشہ حرف کے اوپر ہوتے ہیں یہ سبق اچھی طرح یاد کروائیں بچوں کی آسانی کے لیے مفرد حروف کو الگ الگ خانوں میں بیان کیا گیا ہے۔

نمبر 1: مفرد حروف جن کے اُوپر ایک نقطہ ہے انکی تعداد 8 ہے

ض	ز	ذ	خ
ن	ف	غ	ظ

نمبر 2: مفرد حروف جن کے نیچے ایک نقطہ ہے انکی تعداد 2 ہے۔

ب	ج

نمبر 3: مفرد حروف جن کے اُوپر دو نقطے ہیں انکی تعداد 2 ہے۔

ت	ق

نمبر 4: مفرد حروف جن کے نیچے دو نقطے ہیں انکی تعداد 1 ہے

ي

نمبر 5: مفرد حروف جن کے اُوپر تین نقطے ہیں انکی تعداد 2 ہے۔

ث	ش

سبق نمبر (6) ہم شکل مفرد حروف

طلبہ کو مندرجہ ذیل حروف میں نقطوں کی وجہ سے پیدا ہونے والا فرق سمجھائیں کہ لکھنے میں ایک جیسے ہیں لیکن فرق نقطہ کی وجہ سے ہے، خوب ذہن نشین کروائیں۔

ب، ت، ث	ج، ح، خ
د، ذ	ر، ز
س، ش	ص، ض
ط، ظ	ع، غ

سبق نمبر (7) ہم شکل مفرد حروف باعتبار کلمات قرآنی

یہ سبق کلمات قرآنی کے مطابق ہے طلبہ کو خوب ذہن نشین کروائیں اس سبق میں اور پچھلے سبق میں معمولی سافرق ہے وہ بھی سمجھائیں (اس سبق کو سبق نمبر 9 سے سمجھائیں)

ب،ت،ث،ن، ي	ج،ح،خ	د،ذ	ر،ز
س،ش	ص،ض	ط،ظ	ع،غ
ف،ق			

سبق نمبر (8) ملتی جلتی آوازوں والے مفرد حروف

طلبہ کو اچھی طرح مشق کروائیں

ء ، ع	ت ، ط	ح ، ه
ق،ک	ث ، س ، ص	ذ ،ز ،ض ،ظ

سبق نمبر (9) مفرد حروف کی مختلف شکلیں

طلبہ کو خوب ذہن نشین کروائیں اور سبق کی تکمیل پر قرآن مجید سے ٹیسٹ لیں۔

ا .... ـا	ط ...... ـط ......ـطـ ...... طـ
ب ...... بـ ...... ـبـ ...... ـب	ظ ...... ظـ ...... ـظـ ......ـظ
ت ......تـ ...... ـتـ ...... ـت	ع ...... عـ ...... ـعـ ...... ـع

ث ...... ثـ ...... ـثـ ...... ـث	غ ...... غـ ...... ـغـ ...... ـغ
ج ...... جـ ...... ـجـ ...... ـج	ف ...... فـ ...... ـفـ ...... ـف
ح ...... حـ ...... ـحـ ...... ـح	ق ...... قـ ...... ـقـ ...... ـق
خ ...... خـ ...... ـخـ ...... ـخ	ك ...... كـ ...... ـكـ ...... ـك
د .... ـد	ل ...... لـ ...... ـلـ ...... ـل
ذ .... ـذ	م .... م .... مـ .... ـمـ .... ـم
ر .... ـر	ن ...... نـ ...... ـنـ ...... ـن
ز .... ـز	و .... ـو
س ...... سـ ...... ـسـ ...... ـس	ه ...... هـ ...... ـهـ ...... ـه
ش ...... شـ ...... ـشـ ...... ـش	ء ...... ئـ ...... ـئـ ...... ـئ
ص ...... صـ ...... ـصـ ...... ـص	ى ...... يـ ...... ـيـ ...... ـي
ض ...... ضـ ...... ـضـ ...... ـض	لا .... ـلا .... ـلإ

سبق نمبر(10)مفرد حروف باعتبار مخرج

طلبہ کو زبانی یاد کروائیں اور وقتاً فوقتاً سنتے رہیں۔

ا، و، ی	(واومدہ، یائے مدہ اور الف) یہ تینوں حروف جوف دھن سے نکلتے ہیں
ء ، ھ	اقصیٰ حلق سے ادا ہوتے ہیں
ع ، ح	وسط حلق سے ادا ہوتے ہیں
غ، خ	ادنیٰ حلق سے ادا ہوتے ہیں
ق	زبان کی جڑ اور لھات کے مقابل تالو سے ادا ہوتا ہے
ک	ق کے مخرج سے ذرا نیچے منہ کی جانب زبان کی جڑ کے قریب اور اس کے مقابل تالو سے ادا ہوتا ہے
ج، ش، ی(متحرک ولین)	زبان کا درمیان اور اس کے مقابل تالو کے ملاپ سے ادا ہوتے ہیں
ض	زبان کا حافہ جب دائیں یا بائیں جانب اوپر والی پانچ داڑھوں سے ملے تو یہ حرف ادا ہوتا ہے
ل	زبان کا کنارہ جب ثنایا، رباعی، انیاب، ضواحک کے دائیں یا بائیں جانب مسوڑھوں کو لگے تو یہ حرف ادا ہوتا ہے
ن	جب زبان کا کنارا ثنایا، رباعی، انیاب سے لگے تو یہ حرف ادا ہوتا ہے
ر	زبان کی پشت اور اس کا کنارا جب ثنایا، رباعی کے مسوڑھوں سے لگے تو یہ حرف ادا ہوتا ہے
ط، د، ت	زبان کی نوک جب ثنایا علیا کی جڑ سے لگے تو یہ حروف ادا ہوتے ہیں
ظ، ذ، ث	زبان کی نوک جب ثنایا علیا کے کنارے سے لگے تو یہ حروف ادا ہوتے ہیں
ص، س، ز	زبان کی نوک جب ثنایا سفلیٰ کے کنارے سے ٹکرانے کے ساتھ ساتھ ثنایا علیا سے بھی لگے تو یہ حروف ادا ہوتے ہیں

ف	ثنایا علیا کے کنارے اور نچلے ہونٹ کے اندرونی حصے کے ملنے سے ادا ہوتا ہے
و	دونوں ہونٹوں کو گول کرنے سے ادا ہوتا ہے
ب	دونوں ہونٹوں کے اندرونی تری والے حصے کو ملانے سے ادا ہوتا ہے
م	دونوں ہونٹوں کے بیرونی خشکی والے حصے کو ملانے سے ادا ہوتا ہے

سبق نمبر (11) مفرد حروف کے القاب

طلبہ کو زبانی یاد کروائیں اور مخرج بھی سنیں اور حروف کی تعداد بھی ذہن نشین کروائیں۔

حلقیہ	ء، ھ ، ع، ح، غ، خ
لھویہ	ق، ك
شجریہ	ج، ش، ی (غیر مدہ)
حافیہ	ض
ذلقیہ	ل، ن، ر
نطعیہ	ط، د، ت
لثویہ	ظ، ذ، ث
اسلیہ	ص، س، ز
شفویہ	ف، ب، م، و (غیر مدہ)
جوفیہ	ا، و، ی (جب یہ مدہ ہوں)

سبق نمبر(12) مفرد حروف باعتبار صفات

صفت کی تعریف: جس حالت سے حرف ادا ہوتا ہے۔

صفت کی قسم: (۱) صفات لازمہ (۲) صفات عارضہ

صفات لازمہ کی تعریف: وہ صفات جو حروف میں ہمیشہ پائی جائیں، اور یہ 17 ہیں جس کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے۔

اس سبق کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ طلبہ حروف مفردہ کی مشق کریں اور جو معلّمین بہتر سمجھیں طلبہ کو یاد کروادیں اور ان حروف کا جو مجموعہ بنتا ہے وہ بھی ساتھ میں نوٹ کردیا ہے

ھمس: حرف کی آواز ایسی کمزور ہو کہ اس میں پستی پائی جائے	ف،ح،ث،ہ،ش،خ،ص،س،ک،ت (فَحَثَّهُ شَخْصٌ سَكَتَ)
جھر: حرف کی آواز ایسی قوت والی ہو کہ اس میں بلندی پائی جائے	ا،ب،ج،د،ذ،ر،ز،ض،ط،ظ،ع،غ،ق،ل،م،ن،و،ء،ی (عَظُمَ وَزْنِ قَارِئٍ ذِیْ غَضٍّ جَدٍّ طَلَبٍ)
شدت: حرف کی آواز میں ایسی سختی ہو کہ سکون کی حالت میں آواز بند ہو جائے	ا،ب،ت،ج،د،ط،ق،ک اَجِدُكَ قَطَبْتَ
توسط: شدت اور رخوت کے درمیان والی آواز کو کہتے ہیں	ر،ع،ل،م،ن لِنْ عُمَرَ
رخوت: حرف کی آواز میں ایسی نرمی ہو کہ سکون کی حالت میں آواز جاری رہ سکے	ث،ح،خ،ذ،ز،س،ش،ص،ض،ظ،غ،ف،و،ھ،ء،ی خُذْ غَثَّ حَظٍّ فُضَّ شَوْصٍ زِيٍّ سَاهٍ
استعلاء: حرف ادا کرتے وقت زبان کی جڑ اوپر تالو کی طرف اٹھے جس سے آواز موٹی ہو جاتی ہے	خ،ص،ض،ط،ظ،غ،ق، (خُصَّ ضَغْطٍ قِظْ)
استفال: حرف ادا کرتے وقت زبان کی جڑ اوپر کی طرف نہ اٹھے	ا،ب،ت،ث،ج،ح،د،ذ،ر،ز،س،ش،ع،ف،ک،ل،م،ن،و،ھ،ء،ی (ثَبَتَ مَنْ يُجَوِّدُ حَرْفَهُ إِذْ سَلَّ شِكًّا)
اطباق: حرف ادا کرتے وقت درمیان زبان تالو سے مل جائے جس سے آواز منہ بھر کر نکلے	ص،ض،ط،ظ (صَطْ ضَظْ)

انفتاح: حرف ادا کرتے وقت درمیان زبان اور تالو کھلا رہے یعنی آواز کھل کر نکلے	ا،ب،ت،ث،ج،ح،خ،د،ذ،ر،ز،س،ش،ع،غ،ف،ق،ک،ل،م،ن،و،ھ، ء،ی مَنْ اَخَذَ وَجَدَ سَعَةً فَزَکَا حَقٌّ لَهُ شُرْبُ غَيْثٍ
اذلاق: ادائیگی کے وقت حرف کا پھسلتے ہوئے جلدی سے ادا ہو جانا	ب،ر،ف،ل،م،ن فَرَّ مِنْ لُبٍّ
اصمات: ادائیگی کے وقت حرف کا ٹھراؤ اور جماؤ سے نکلنا	ا،ت،ث،ج،ح،خ،د،ذ،ز،س،ش،ص،ض، ط،ظ،ع،غ،ق،ک،و،ھ،ء ی جُذْ غَشَّ سَاخِطٍ صِدْ ثِقَةً اِذْ وَعْظُهُ يَخُصُّک
صفیر: حرف کی ادائیگی کے سیٹی کی سی آواز نکالنا	ز، س، ص
قلقلہ: حرف کی ادائیگی کے وقت ساکن ہونے کی حالت میں آواز کا ہلنا	ب، ج، د، ط، ق قُطْبُ جَدٍّ
لین: واؤ ساکن جس سے پہلے زبر ہو اور ی ساکن جس سے پہلے زبر ہو ان کو نرمی سے ادا کرنا	و، ی
انحراف: ان دو حروف کی ادائیگی کے وقت آواز دوسرے مخرج کی طرف مائل ہو جاتی ہے	ر، ل
تکرار: حرف کی ادائیگی کے وقت کنارہ زبان میں کپکپی سی ہو	ر
تفشی: حرف کی ادائیگی کے وقت آواز کا منہ میں پھیلنا	ش
استطالت: حرف کی ادائیگی کے وقت زبان کے حافہ کو اوپر کی پانچوں داڑھوں پر لگانا اور مخرج میں آواز کو دراز کرنا	ض

صفات عارضہ: ایسی کیفیت جو حرف میں کبھی ہو کبھی نہ ہو اور بولتے وقت اگر ادا نہ کی جائے تو حرف تو وہی رہے گا مگر اسکی خوبصورتی نہ رہے جیسے پُر پڑھنا، باریک پڑھنا، ادغام، اظہار، اخفاء، اقلاب، غنہ، مدو غیرہ آگے سبق آرہے ہیں (مزید تفصیل تجوید کی کتب میں ملاحظہ فرمائیں)

سبق نمبر (13) حروف مرکبات

دو یا اس سے زائد حروف کے مجموعہ کو مرکب کہتے ہیں۔ مرکب حروف کو مفرد حروف کی طرح الگ الگ پڑھیں، اس سبق میں بھی تلفظ کی ادائیگی کا خاص خیال رکھتے ہوئے عربی لہجہ میں پڑھائیں، جب دو یا اس زائد حروف ملا کر لکھے جاتے ہیں تو ان کی شکل کچھ بدل جاتی ہے اکثر حروف کا سر لکھا جاتا ہے اور دھڑ چھوڑ دیا جاتا ہے (سبق نمبر ۹ کی مشق کروائیں) یہ سبق طلبہ سے پڑھوائیں، سبق کے اختتام پر قرآن مجید سے ٹیسٹ لیں اگر کمی ہو تو دوبارہ پڑھائیں۔

لر	یو	لد	ین	یا	هد
نا	صر	لذ	لا	ضا	لم
لك	یب	یؤ	نز	من	با
خر	هم	سو	نذ	عذ	ما
عو	في	مر	فز	کا	نو
قد	حو	له	هب	صم	عد
بر	حذ	قا	لو	مو	شا
کل	قل	فر	ند	تو	کم
حم	لم	لن	حج	جز	خو
حق	مع	عن	کو	عم	شر

طو	صد	حد	يد	ثر	سق
قب	سد	تب	مز	مل	قم
فا	بك	ضر	سر	جر	يح
صف	نن	ثم	ظن	هق	ضل
لة	عة	قة	كة	فة	خة
بة	ضى	لى	هو	جو	صو
مم	كن	بد	سل	عر	هل
تر	قر	يش	حل	حر	بو
عز	يز	كى	نت	تم	مؤ
صل	غل	بل	جل	مل	جن
سن	هن	حى	طر	غر	كذ
غشا	يقو	منا	يخد	شعر	لهم
كفر	تهم	ختم	قلو	سمع	بصر
فيل	حمد	لله	حيم	ملك	غير
على	لين	كتب	فيه	منو	غيب
صلو	قنا	بما	قبل	قنو	بهم
بشر	عمل	علم	لهم	بها	ثمر
يكذ	خلو	قيل	كما	لنا	نحن
طغى	بحت	مثل	بنو	ظلم	بكم
فلق	خلق	حسد	لهب	غنى	عنه

حين	تبع	يجز	صحب	نفس	مكر
فكر	صمد	يلد	يكن	كفو	تبت
كسب	حما	حطب	جيد	حبل	مسد
نصر	فتح	سبح	نتم	لكم	فصل
نحر	كيف	فعل	كيد	طير	لكل
همز	لمز	جمع	حسب	خلد	حمة
فلح	عمد	ممد	عصر	نقر	سقر
خسر	عين	مئذ	عهن	ثقل	هيه
مية	سطن	لحب	خير	حصل	خرج
حدث	حتى	صحف	طهر	شمس	ليل
علق	قلم	نهى	طئة	سجد	تين
بلد	حسن	حكم	نشر	نقض	عسر
يسر	نصب	ضحى	سجى	قلى	فهد
نهر	غشى	نشى	تقى	بخل	شقى
قمر	نفس	سها	عقر	قسم	كبد
لبد	نجد	طعم	حمة	فجر	عشر
شفع	يسر	حجر	صخر	كثر	فصب
صفا	لما	شية	شعة	ملة	صبة
مية	نية	عمة	ضية	لية	غية
حسير	سعير	مصير	شهيق	جهنم	تميز

کبیر	نسمع	نعقل	يخشو	نبهم	مغفر
لطيف	خبير	كبها	منتم	يخسف	نكير
بصير	يمشى	مكبا	قليل	كنتم	مبين
سيئت	يجير	تيكم	معين	يسطر	عظيم
سبيل	مهين	نميم	معتد	بنين	سبحن
طغين	نعيم	متين	يحمل	حميم	يمين
يقين	جميل	بعيد	جميع	فيهن	يتيم
يجعل	ثمنا	ظلمت	سجيل	كعصف	يسفك
مجيد	عليم	حكيم	خبير	بصير	سميع
شططا	يبعث	ملئت	ثقيل	تبتل	عسير
مستمر	مستقر	منتشر	منهمر	منقعر	محتضر
يبغين	جنتين	ميمنة	مشئمة	نقتبس	مصيبة
قفينا	كفلين	تشتكى	مسكين	معصيت	فسقين
مهيمن	متكبر	ينهكم	تعجبك	خلقكم	لتبعثن
طلقتم	مبينة	حملهن	سكنتم	مثلهن	مسلمت
قضينا	تتبير	تفضيل	تضليل	صلحين	مستقيم
يطمثهن	متكئين	ينبئهم	مقسطين	يعصينك	منفقين
يستطيعو	متقبلين	ننشئكم	مستخلفين	نجينكم	محسنين
مطهرة	بعوضة	خليفة	غشاوة	الضلالة	الصواعق
واذنتقنا الجبل فوقهم		امر سنمتعهم ثم يمسهم		مثل نوره كمشكوة فيها	

لایحب الله الجهر بالسوء من القول الا من ظلم	لولا ینهٰهم الربٰنیون والاحبار عن قولهم الاثم واکلهم السحت	عم یتساءلون عن النبا العظیم الذی هم فیه مختلفون

سبق نمبر (14) حرکات ـــَ ـــِ ـــُ کا بیان

زبر، زیر، پیش کو حرکات کہتے ہیں۔ جس حرف پر کوئی حرکت ہو اسکو متحرک کہتے ہیں

{زبر ـــَ کا بیان}

زبر کی علامت یہ ـــَ ہے یہ ہمیشہ حرف کے اوپر ہوتی ہے۔ حرف کو اصل مخرج کے مطابق ادا کریں اور حرکت کو پڑھتے وقت کھینچنے اور جھٹکا دینے سے احتیاط کریں معروف پڑھیں (یعنی حرف کو بڑی نرمی کے ساتھ ادا کریں) (اکثر طلبہ حرف کے ساتھ حرکت کو بھی کھینچتے ہیں یا انتہائی جلدی میں غیر معروف انداز میں پڑھتے ہیں)

زبر کو فتحہ اور جس حرف پر زبر ہو اسکو مفتوح کہتے ہیں۔

پُر (موٹے) پڑھے جانے والے حروف (خ، ص، ض، غ، ط، ق، ظ) کی ادائیگی میں ہونٹ گول نہ ہونے پائیں۔

جس الف پر کوئی حرکت یا جزم آجائے وہ ہمزہ ہوتا ہے اس کو ہمزہ ہی پڑھائیں۔

الف صرف وہ ہوتا ہے جس پر کوئی حرکت نہ ہو یا جزم کے بغیر ہو اور اس سے پہلے زبر ہو۔

اس سبق کو پڑھاتے وقت اس بات کا خاص خیال رکھا جائے کہ جو مفرد حروف ہیں ان کی ادائیگی اسی طرح کروائیں جو انکی اصل آواز ہے اور زبر کی ادائیگی کرتے وقت خاص خیال رکھیں کہ زبر کو کھینچتے ہوئے الف مدہ کی آواز پیدا نہ ہو جائے جیسے بَ سے بَا نہ بنے اور نہ ہی اتنی جلدی کریں کہ جھٹکا محسوس ہو، جیسے بؔ بلکہ بَ ہی رہے۔

یَ	ءَ	ةَ	ھَ	وَ	نَ
مَ	لَ	کَ	قَ	فَ	غَ
عَ	ظَ	طَ	ضَ	صَ	شَ
سَ	زَ	رَ	ذَ	دَ	خَ

حَ	جَ	ثَ	تَ	بَ	اَ

مشق

استاد کو چاہیے کہ تمام اسباق کی مشقیں بچوں سے ہجے کروائیں اور حروف کا ملانا خود بتائیں اگر بچہ حروف یا حرکتوں کو صحیح طریقے سے نہ بتلاسکے تو پچھلا پڑھا ہوا پھر سے دہرائیں جب تک بچہ خود ہجے نہ کرنے لگے آگے سبق ہر گز نہ دیں ۔اس اصول کو کبھی ترک نہ کریں ورنہ آپ کی محنت اور بچے کی عمر ضائع ہو گی۔

اس سبق کو ہجے، رواں اور وقفاً پڑھائیں اور تمام کلمات کی مشق اور ہجے احتیاط سے کروائیں تاکہ حروف وحرکات کی ادائیگی کا حق ادا ہوسکے اور پُر اور باریک پڑھے جانے والے حروف کی ادائیگی پر خصوصی توجہ دیں، سبق مکمل ہونے کے بعد ایک بار ہجے کے ساتھ اور ایک مرتبہ روانی کے ساتھ ضرور سنیں ۔

ہجے کرنے کا طریقہ: زبر والے حروف کی ہجے اس طرح ہوتی ہے جیسے خَلَقَ : خازبر خَ، لام زبر لَ = خَلَ، قاف زبر قَ = خَلَقَ، وقفاً خَلَقْ ،اسی طرح فَبَعَثَ فازبر فَ، بازبر بَ = فَبَ، عین زبر عَ = فَبَعَ، ثازبر ثَ = فَبَعَثَ وقفاً فَبَعَثْ ہوگا۔

جس کلمے کے آخری حرف پر زبر ہو اسے وقف کی صورت میں ساکن کرکے پڑھیں گے جیسے خَلَقَ پر وقف کرتے وقت خَلَقْ پڑھیں گے وغیرہ۔

مَعَ	عَدَدَ	يَدَكَ	خَلَقَ	نَزَلَ	خَتَمَ
ذَهَبَ	حَذَرَ	جَعَلَ	اَمَرَ	لَكَ	فَتَحَ
كَسَبَ	نَبَذَ	كَفَرَ	مَنَعَ	كَتَمَ	وَقَبَ
حَضَرَ	تَرَكَ	سَاَلَكَ	فَرَضَ	رَفَثَ	فَبَعَثَ
ظَلَمَ	فَضَلَ	قَتَلَ	ضَرَبَ	اَبَقَ	وَلَدَ
نَصَرَ	فَعَلَ	رَفَعَ	تَرَ	سَلَفَ	دَخَلَ
وَجَدَ	مَكَرَ	اَخَذَ	صَدَقَ	عَمَلَ	نَكَحَ

سَلَكَ	سَبَقَ	ظَهَرَ	كَتَبَ	وَعَدَ	رَجَعَكَ
قَدَرَ	طَبَعَ	عَرَضَ	وَقَعَ	مَعَكَ	هَلَكَ
عَشَرَ	عَبَدَ	سَكَنَ	اَفَلَ	فَطَرَ	ذَرَأَ
بَطَنَ	صَدَفَ	عَبَسَ	بَسَرَ	صَرَفَ	قَدَمَ
بَلَغَ	غَضَبَ	مَثَلَ	فَمَكَثَ	خَلَقَكَ	فَعَدَلَكَ

سبق نمبر (15) زیر ـــِ کا بیان

زیر کی علامت یہ ـــِ ہے یہ ہمیشہ حرف کے نیچے ہوتی ہے۔اسکو پڑھتے وقت بغیر کھینچے بغیر جھٹکا دیے معروف پڑھیں (یعنی حرف کو بڑی نرمی کے ساتھ ادا کریں)

زیر کو کسرہ کہتے ہیں اور جس حرف پر زیر ہو اسکو مکسور کہتے ہیں۔

اس سبق کو پڑھاتے وقت اس بات کا خاص خیال رکھا جائے کہ جو مفرد حروف ہیں ان کی ادائیگی اسی طرح کروائیں جو انکی اصل آواز ہے اور زیر کو اتنا مت کھینچیں کہ یائے مدہ کی آواز پیدا ہو جائے، جیسے اِ کھینچنے سے اِیْ ہو جائے اور نہ ہی اتنی جلدی ادائیگی کریں کہ جھٹکا محسوس ہو، جیسے اِءْ ہو جائے بلکہ اِ ہی رہے۔ طلبہ کو زبر اور زیر کی آواز میں فرق سمجھائیں۔

يِ	ءِ	ۃِ	هِ	وِ	نِ
مِ	لِ	کِ	قِ	فِ	غِ
عِ	ظِ	طِ	ضِ	صِ	شِ
سِ	زِ	رِ	ذِ	دِ	خِ
حِ	جِ	ثِ	تِ	بِ	اِ

مشق

اس سبق کو ہجے ،رواں اور وقفاً پڑھائیں اور تمام کلمات کی مشق اور ہجے احتیاط سے کروائیں تاکہ حروف وحرکات کی ادائیگی کا حق ادا ہوسکے اور پُر اور باریک پڑھے جانے والے حروف کی ادائیگی پر خصوصی توجہ دیں ،اور حروف کی آواز میں بھی فرق کروائیں ،قلقلہ (ق،ط،ب،ج،د) والے کلمات کی ادائیگی کا خاص خیال رکھیں نیز سبق مکمل ہونے کے بعد ایک بار ہجے کے ساتھ اور ایک مرتبہ روانی کے ساتھ ضرور سنیں۔

جس کلمہ کے آخری حرف کے نیچے زیر ہوگی اسے وقف کی صورت میں ساکن کرکے پڑھیں گے جیسے تَبِعَ پر وقف کرتے ہوئے تَبِعْ پڑھیں گے۔

ہجے کرنے کا طریقہ: زیر والے حروف کی ہجے اس طرح ہوتی ہے جیسے اِبِلِ: ہمزہ زیر اِ، با زیر بِ =اِبِ، لام زیر لِ =اِبِلِ وقفاً اِبِلْ۔ حَبِطَ حا زبر حَ، با زیر بِ =حَبِ،طا زبر طَ = حَبِطَ وقفاً حَبِطْ۔

هِيَ	تَبِعَ	عَلِمَ	عَمِلَ	سَفِهَ	قِبَلَ
سَمِعَ	شَهِدَ	حَبِطَ	شَرِبَ	كَرِهَ	عِوَجَ
لَلَبِثَ	وَسِعَ	بَقِيَ	بِيَدِكَ	لِمَ	كَذِبَ
عَهِدَ	رَضِيَ	خَشِيَ	فَنَسِيَ	وَرَقِ	اَذِنَ
بَخِلَ	سَخِرَ	فَرِحَ	مَعِيَ	حَفِظَ	اِبِلِ
غَضِبَ	خَسِرَ	بَئِسَ	قِرَدَةً	عَمِيَ	اَجِدَ
كَلِمَةَ	يَئِسَ	بَرِقَ	بِعِصَمِ	فَبِمَ	حَسِبَ

سبق نمبر (16) پیش ـُـ کا بیان

پیش کی علامت یہ ـــُــ ہے یہ ہمیشہ حرف کے اوپر ہوتی ہے۔اسکوپڑھتے وقت بغیر کھینچے بغیر جھٹکادیے معروف پڑھیں (یعنی حرف کوبڑی نرمی کے ساتھ ادا کریں) پیش کو اتنامت کھینچیں کہ واؤمدہ کی آواز پیدا ہو جائے، جیسے نُ کو کھینچنے سے نُونہ ہو بنے اور نہ ہی اتنا جلدی ادا کریں کہ جھٹکا محسوس ہو جیسے نُوْ، بلکہ نُ ہی رہے اس پر خاص توجہ دیں۔پیش کو ضمّہ کہتے ہیں اور جس حرف پر پیش ہو اس کو مضموم کہتے ہیں۔

یُ	ءُ	ۃُ	ھُ	وُ	نُ
مُ	لُ	کُ	قُ	فُ	غُ
عُ	ظُ	طُ	ضُ	صُ	شُ
سُ	زُ	رُ	ذُ	دُ	خُ
حُ	جُ	ثُ	تُ	بُ	اُ

مشق

اس سبق کو ہجے، رواں اور وقفاً پڑھائیں اور تمام کلمات کی مشق اور ہجے احتیاط سے کروائیں تاکہ حروف وحرکات کی ادائیگی کا حق ادا ہو سکے اور پُر اور باریک پڑھے جانے والے حروف کی ادائیگی پر خصوصی توجہ دیں، اور حروف کی آواز میں بھی فرق کروائیں، قلقلہ والے کلمات کی ادائیگی کا خاص خیال رکھیں نیز سبق مکمل ہونے کے بعد ایک بار ہجے کے ساتھ اور ایک مرتبہ روانی کے ساتھ ضرور سنیں، اس سبق کے اختتام پر شروع سے لازمی ٹیسٹ لیں۔

جس کلمے کے آخری حرف پر پیش ہو اسے وقف کی صورت میں ساکن کرکے پڑھیں جیسے ھُوَ پر وقف کرتے وقت ھُوْ پڑھیں گے وغیرہ۔

ہجے کرنے کا طریقہ: پیش والے حروف کی ہجے اس طرح ہوتی ہے جیسے ثُمُنُ ثاپیش ثُ، میم پیش مُ = ثُمُ، نون پیش نُ = ثُمُنُ وقفاً ثُمُنْ ۔

هُوَ	تَزِرُ	سُئِلَ	كُتِبَ	عُفِيَ	أُخَرَ
قُضِيَ	فَطُبِعَ	أُخِذَ	نَضَعُ	فَبُهِتَ	يَعِدُ
تَجِدُ	قَصَصُ	وُضِعَ	هُدِيَ	كَثُرَ	رُبُعُ
ثُلُثُ	سُدُسُ	ثُمُنُ	أُذُنُ	اَجِدُ	ظُلِمَ
سَبُعُ	ذُبِحَ	قُدِرَ	عُثِرَ	كَبُرَ	فَقُطِعَ
يَصِلُ	قُتِلَ	خُلِقَ	قُدُسِ	كُبِتَ	رُسُلُ
قُرِئَ	نَرِثُ	سَقَرُ	تَذَرُ	فَجُمِعَ	ذُكِرَ

سبق نمبر (17) تنوین ـً ـٍ ـٌ

تنوین: دوزبر، دوزیر، دوپیش کو تنوین کہتے ہیں۔ تنوین ہمیشہ کلمہ کے آخر میں آتی ہے اور حروف تنوین پر بعض اوقات غنہ کیا جاتا ہے جس کی مقدار ایک الف کے برابر ہے۔ مُنَوَّن: جس حرف پر تنوین ہو اس کو منون کہتے ہیں۔ غنہ: ناک میں آواز لے جانے کو غنہ کہتے ہیں، معلّمین کو چاہیے کہ تنوین کے سبق میں غنہ کی مشق کروائیں اور پُر پڑھے جانے والے حروف (خ، ص، ض، غ، ط، ق، ظ) کی ادائیگی بالخصوص باقی حروف کی ادائیگی پر بالعموم توجہ دیں اور اس بات کو بخوبی ذہن نشین کروادیں کہ تنوین کے ساتھ جو الف اور ی لکھا ہوتا ہے اس کو ہجے کرتے ہوئے نہیں پڑھتے لیکن وقفاً الف پڑھا جاتا ہے اور ی بھی الف میں تبدیل ہو جاتی ہے نیز طلبہ کو سمجھادیں کہ تنوین دراصل نون ساکن ہوتا ہے جو کلمہ کے آخر میں آتا ہے اس لیے تنوین کی آواز نون ساکن کی طرح ہوتی ہے جیسے اً = کواَنْ ، اٌ = کواُنْ پڑھیں گے اسی وجہ سے جب ان کے بعد حروف حلقی آجائے تو غنہ نہیں کرتے۔

{ دوزبر ـــً کی تنوین کا بیان }

سب سے پہلے طلبہ کو دوزبر کی پہچان کروائیں کہ دوزبر کی شکل ـــً یہ ہے اور زبر او دوزبر کی پہچان کروائیں اور پڑھنے میں بھی فرق واضح کریں۔ حروف کی صحیح ادائیگی کا خیال رکھا جائے ایسا نہ ہو کہ سًا کو پڑھتے ہوئے سین دوزبر سَانْ ہو جائے بلکہ سین دوزبر سَنْ ہی پڑھیں نیز ان حروف کو پڑھاتے وقت احتیاط کی جائے کہ آواز ناک سے نہ نکلے نیز تنوین پر غنہ کی مشق کروائیں۔۔

يًا	ءًا	ةً	هًا	وًا	نًا
مًا/مًى	لًا/لًا	كًا	قًا	فًا	غًا
عًا	ظًا	طًا	ضًا	صًا	شًا
سًا	زًا/زًى	رًا	ذًا/ذًى	دًا/دًى	خًا
حًا	جًا	ثًا	تًا/ةً	بًا	اً

مشق

اس سبق کو ہجے، رواں اور وقفاً پڑھائیں اور تمام کلمات کی مشق اور ہجے احتیاط سے کروائیں تاکہ حروف وحرکات کی ادائیگی کا حق ادا ہو سکے اور پُر اور باریک پڑھے جانے والے حروف کی ادائیگی پر خصوصی توجہ دیں، اور حروف کی آواز میں بھی فرق کروائیں، قلقلہ والے کلمات کی ادائیگی کا خاص خیال رکھیں نیز سبق مکمل ہونے کے بعد ایک بار ہجے کے ساتھ اور ایک مرتبہ روانی کے ساتھ ضرور سنیں نیز تمام کلمات میں غنہ کی خوب مشق کروائیں۔

ہجے کا طریقہ : هُدًي: ھا پیش هُ، دال دوزبر دً = هُدًي وقفاً هُدَا ہو گا۔ حَسَنَةً: حازبر حَ، سین زبر سَ = حَسَ، نون زبر نَ = حَسَنَ، تادوزبر ةً = حَسَنَةً ، وقفاً حَسَنَهْ ، ۔ مَرَضًا: میم زبر مَ ، را زبر رَ = مَرَ، ضاد دوزبر ضً = مَرَضًا، وقفاً،

مَرَضًا۔ جس کلمہ کے آخری حرف پر دوزبر کی تنوین ہو اس پر وقف کرتے ہوئے دوزبر کی تنوین کو الف سے بدل کر الف کے برابر ہی لمبا کرکے وقف کریں جیسے: ثَمَنًا پر وقف ثَمَنَا کی صورت میں ہوگا اور اگر تنوین گول (ۃ) پر ہو تو اسے ہائے ساکنہ سے بدل کر وقف کریں جیسے قِرَدَةً پر وقف قِرَدَہ کی صورت میں ہوگا۔

هُدًي	مَرَضًا	مَثَلًا	ثَمَنًا	رَغَدًا	قِرَدَةً
بَقَرَةً	هُزُوًا	اَبَدًا	حَسَدًا	وَلَدًا	بَلَدًا
وَسَطًا	اِذًا	جَنَفًا	اَذًي	حَسَنَةً	مَلِكًا
سَعَةً	عِنَبًا	لُبَدًا	عَمَلًا	عَجَبًا	شَطَطًا
كَذِبًا	رَهَقًا	حَرَسًا	شُهُبًا	رَصَدًا	رَشَدًا
قِدَدًا	هَرَبًا	حَطَبًا	غَدَقًا	صَعَدًا	طَبَقاً
عِوَجاً	حَسَناً	كَلِمَةً	جُرُزاً	اَسَفاً	فُرُطاً

سبق نمبر (18) دوزیر ـٍ کی تنوین کا بیان

سب سے پہلے طلبہ کو دوزیر کی پہچان کروائیں کہ دوزیر کی شکل ـٍ یہ ہے اور زیر اور دوزیر کی پہچان کروائیں اور پڑھنے میں بھی فرق واضح کریں۔ اس سبق کو پڑھانے کا طریقہ پچھلے سبق میں ذکر کیا گیا ہے صرف اس بات کا خیال رہے کہ حرف کی اصل آواز برقرار رہے جیسے بٍ سے بِیْنْ نہ بن جائے بلکہ بٍ کو بِنْ ہی پڑھا جائے اور مجہول نہ پڑھیں نیز تنوین پر غنہ کی مشق کروائیں۔

يٍ	ءٍ	ةٍ	هٍ	وٍ	نٍ
مٍ	لٍ	كٍ	قٍ	فٍ	غٍ

عٍ	ظٍ	طٍ	ضٍ	صٍ	شٍ
سٍ	زٍ	رٍ	ذٍ	دٍ	خٍ
حٍ	جٍ	ثٍ	تٍ	بٍ	اٍ

مشق

اس سبق کو ہجے، رواں اور وقفاً پڑھائیں اور تمام کلمات کی مشق اور ہجے احتیاط سے کروائیں تاکہ حروف وحرکات کی ادائیگی کا حق ادا ہو سکے اور پُر اور باریک پڑھے جانے والے حروف کی ادائیگی پر خصوصی توجہ دیں، اور حروف کی آواز میں بھی فرق کروائیں، قلقلہ والے کلمات کی ادائیگی کا خاص خیال رکھیں نیز سبق مکمل ہونے کے بعد ایک بار ہجے کے ساتھ اور ایک مرتبہ روانی کے ساتھ ضرور سنیں نیز تمام کلمات میں غنہ کی خوب مشق کروائیں۔

ہجے کا طریقہ: صُحُفٍ: صاد پیش صُ، حا پیش حُ = صُحُ، فا دوزیر فٍ = صُحُفٍ، وقفاً، صُحُفْ۔

جس کلمہ کے آخری حرف کے نیچے دوزیر کی تنوین ہو اس پر وقف کرتے ہوئے آخر سے ساکن کریں گے جیسے: نُسُكٍ پر وقف نُسُكْ کی صورت میں ہوگا اور اگر تنوین گول (ة) کے نیچے ہو تو اسے ہائے ساکنہ سے بدل کر وقف کریں جیسے هُمَزَةٍ پر وقف هُمَزَهْ کی صورت میں ہوگا۔

ظُلَلٍ	سَفَرٍ	ثَمَرَةٍ	بِغَضَبٍ	صَدَقَةٍ	نُسُكٍ
بِنَهَرٍ	فِئَةٍ	جَبَلٍ	نَفَقَةٍ	صُحُفٍ	سَفَرَةٍ
بَرَرَةٍ	كَبَدٍ	رَقَبَةٍ	عَلَقٍ	هُمَزَةٍ	لُمَزَةٍ
عَمَدٍ	لَهَبٍ	مَسَدٍ	خُلُقٍ	سَنَةٍ	نُصُبٍ
شُعَبٍ	بِشَرَرٍ	جُدُرٍ	لِغَدٍ	حَدَبٍ	عَلَقَةٍ
أَجَلٍ	حَرَجٍ	بِقَدَرٍ	وَلَدٍ	أَحَدٍ	شَجَرَةٍ

بَرَدٍ	عَمَلٍ	بِمَثَلٍ	بِخَبَرٍ	قَبَسٍ	سَبَاً

سبق نمبر (19) دو پیش ــٌ کی تنوین کا بیان

سب سے پہلے طلبہ کو دو پیش کی پہچان کروائیں کہ دو پیش کی شکل ــــٌ یہ ہے ان میں ایک پیش سیدھی اور دوسری پیش اُلٹی لکھی جاتی ہے، پیش او دو پیش کی پہچان کروائیں اور پڑھنے میں بھی فرق واضح کریں، اس کے پڑھنے کا طریقہ بھی وہی ہے جو دو زبر، دو زیر کی تنوین کا تھا کہ حرف کی اصل ذات سے اس کو بڑھا کر اور مجہول نہ پڑھیں جیسے بٌ سے بُوْنْ نہ بن جائے بلکہ بٌ کو بُنْ ہی ادا کریں، نیز تنوین پر غنہ کی مشق کروائیں۔

یٌ	ءٌ	ہٌ	ھٌ	وٌ	نٌ
مٌ	لٌ	کٌ	قٌ	فٌ	غٌ
عٌ	ظٌ	طٌ	ضٌ	صٌ	شٌ
سٌ	زٌ	رٌ	ذٌ	دٌ	خٌ
حٌ	جٌ	ثٌ	تٌ	بٌ	أٌ

مشق

بعض کلمات میں کچھ حروف موٹے اور کچھ باریک پڑھے جانے والے ہوتے ہیں اس میں احتیاط کریں کہ پُر کو پُر پڑھیں اور باریک کو باریک ہی ادا کیا جائے نہ کہ موٹا باریک اور باریک موٹا پڑھا جائے، اس سبق کا ہجے، رواں اور وقفاً پڑھوائیں سبق کی تکمیل پر ہجے اور رواں سنیں اور شروع سے لیکر یہاں تک ٹیسٹ ضرور لیں۔

ہجے کا طریقہ : حُمُرٌ: حاپیش حُ، میم پیش مُ ، = رادوپیش رٌ = حُمُرٌ، وقفاً، حُمُرْ۔

جس کلمہ کے آخری حرف پر دوپیش کی تنوین ہو اس پر وقف کرتے ہوئے آخر سے ساکن کریں گے جیسے : سُرُرٌ پر وقف سُرُرْ کی صورت میں ہوگا اور اگر تنوین گول (ۃ) پر ہو تو اسے ہائے ساکنہ سے بدل کر وقف کریں جیسے کَلِمَةٌ پر وقف کَلِمَهْ کی صورت میں ہوگا۔

فَنَظِرَةٌ	دَرَجَةٌ	عَشَرَةٌ	مَرَضٌ	اُذُنٌ	حُرُمٌ
كُتُبٌ	اَحَدٌ	قَسَمٌ	قَتَرَةٌ	غَبَرَةٌ	فَرَجُلٌ
مَثَلٌ	بِيَعٌ	كَسَبٌ	حَسَنَةٌ	حُمُرٌ	نَصَرٌ
أَشِرٌ	مَلَكٌ	حَرَجٌ	كَلِمَةٌ	وَجِلَةٌ	بَشَرٌ
جُدَدٌ	قِطَعٌ	أَجَلٌ	سُرُرٌ	دِيَةٌ	عَسِرٌ
عَرَضٌ	غَضَبٌ	زَبَدٌ	ظَمَأٌ	ظُلَلٌ	لَعِبٌ
قَتَرٌ	عَمَلٌ	نَصَبٌ	سَكَنٌ	رُسُلٌ	نَجَسٌ

سبق نمبر (20) جزم یا سکون ـــُ کا بیان

سب سے پہلے طلبہ کو جزم کی پہچان کروائیں کہ اس کی شکل یہ ـــُ ہوتی ہیں یہ ہمیشہ حرف کے اوپر ہوتی ہے اور اس کی اپنی کوئی آواز نہیں ہوتی۔ جس حرف پر جزم ہو اسے مجزوم، اور ساکن کہتے ہیں ، جزم والا حرف اپنے سے پہلے حرف سے ملا کر اکٹھا پڑھا جاتا ہے۔ جزم کی صورت میں ان حروف (ق،ط،ب،ج،د) کو ہلا کر پڑھا جائے (ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنے کو قلقلہ کہتے ہیں) ان پانچ حروف کے علاوہ باقی حروف کی ادائیگی میں احتیاط سے کام لیا جائے اور بچوں کو حروف قلقلہ کی آواز پڑھ کر بتائی جائے، نیز بچوں کو یہ بھی بتایا جائے کہ کان سا حرف کس حرف سے کل کر کس طرح پڑھا جائے گا۔ بعض لوگ ساکن

حرف کو ادا کرتے وقت ہلا دیتے ہیں ایسا کرنا غلط ہے بلکہ ساکن حرف کو پوری مضبوطی اور جماؤ کے ساتھ مخرج سے ادا کیا جائے۔ اس سبق کو معلّمین انتہائی توجہ سے پڑھائیں اور قریب الصوت حروف پر خصوصی توجہ دیں۔

اَبْ	اِبْ	اُبْ	اَتْ	اِتْ	اُتْ
اَثْ	اِثْ	اُثْ	اَجْ	اِجْ	اُجْ
اَحْ	اِحْ	اُحْ	اَخْ	اِخْ	اُخْ
اَدْ	اِدْ	اُدْ	اَذْ	اِذْ	اُذْ
اَرْ	اِرْ	اُرْ	اَزْ	اِزْ	اُزْ
اَسْ	اِسْ	اُسْ	اَشْ	اِشْ	اُشْ
اَصْ	اِصْ	اُصْ	اَضْ	اِضْ	اُضْ
اَطْ	اِطْ	اُطْ	اَظْ	اِظْ	اُظْ
اَعْ	اِعْ	اُعْ	اَغْ	اِغْ	اُغْ
اَفْ	اِفْ	اُفْ	اَقْ	اِقْ	اُقْ
اَكْ	اِكْ	اُكْ	اَلْ	اِلْ	اُلْ
اَمْ	اِمْ	اُمْ	اَنْ	اِنْ	اُنْ
اَوْ	اُوْ	اَهْ	اِهْ	اُهْ	اَءْ
	اِءْ	اُءْ	اَیْ	اِیْ	

مشق

اس سبق کو ہجے، رواں اور وقفاً پڑھائیں اور حروف کی صحت کا خاص خیال رکھا جائے

ہجے کا طریقہ : مُؤَصَدَةٌ: میم ہمزہ پیش مُؤُ، صاد زبر صَ = مُؤَصَ، دال زبر دَ، = مُؤَصَدَ، تا دو پیش ةٌ = مُؤَصَدَةٌ، وقفاً مُؤَصَدَہ۔

جس کلمے کے آخری حرف پر جزم ہو اس پر وقف کرنے کی صورت میں اسے اسی طرح ہی پڑھا جائے گا جیسے قُلْ: پر اگر وقف کریں گے تو اسے قُلْ ہی پڑھیں گے، اور اگر گول (ة) ہو تو (ہ) سے بدل دیں گے اور اگر آخری حرف، حرف قلقلہ متحرک ہو تو اس پر وقف کرتے ہوئے اچھی طرح قلقلہ کے ساتھ ادا کیا جائے جیسے اَعْبُدُ سے أَعْبُدْ وغیرہ۔

قُلْ	هُمْ	بَلْ	لَمْ	كَمْ	قَدْ
بِظُلْمٍ	أَعْبُدُ	كَعَصْفٍ	مُؤْصَدَةٌ	خُسْرٍ	ضَبْحًا
قَدْحًا	صُبْحًا	نَقْعًا	جَمْعًا	حُسْنًا	يُسْرًا
خَرْجًا	رَدْمًا	قِطْرًا	بِرَبْوَةٍ	لُؤْلُؤًا	مِرْيَةٍ
لَعْنَةٌ	بِئْسَ	فِسْقٌ	سَبَقَتْ	فَوَسَطْنَ	عِلْمٌ
فِتْنَةٌ	وَلْنَحْمِلْ	رِزْقًا	يُبْدِئُ	زَحْفًا	يَرْحَمُ
أَجْرٌ	ذَرْعًا	تَخَفْ	تَحْزَنْ	أَهْلَكَ	مَدْيَنَ
لِيَظْلِمَهُمْ	أُتْلُ	نَحْنُ	شَأْنٌ	كَأْسًا	كَأْسٍ
سَبْحًا	أَمْرًا	تَرْجُفُ	حَرْثٌ	غَرْقًا	عَرْشٌ
صُفْرٌ	بُكْرَةً	شَمْسًا	نُطْفَةٍ	فَرْحًا	مُلْكًا
عَشْرٍ	أَمْرٍ	غَفْلَةٍ	ذِكْرٍ	مُحْدَثٍ	نَصْرٌ

حِجْرٍ	فَضْلًا	نَحْسٍ	خُضْرٌ	يَسْرٍ	جَهْرَةً
شَهْرٍ	نَخْلٍ	نَضْرَةً	شِرْبٍ	عَدْلٌ	صَرْصَرًا
نَشْطًا	سَبْحًا	سَبْقًا	حُشِرَتْ	سُئِلَتْ	قُتِلَتْ
نُشِرَتْ	كُشِطَتْ	أُزْلِفَتْ	أُحْضِرَتْ	بُعْثِرَتْ	عَسْعَسَ
عَصْفًا	عُرْفًا	يَجْعَلُ	حِجْرٍ	بِحَمْدِ	يَلِدْ
لَنْ	مَنْ	مِنْ	اَنْ	اِنْ	عَنْ
يَشْفِ	مُؤْمِنٍ	عَهْدٌ	مَرْضٍ	اَشْهُرٍ	اَرْبَعَةَ

سبق نمبر (21) تشدید ــّـ کا بیان

سب سے پہلے طلبہ کو شد کی پہچان کروائیں کہ شد اس شکل ــّـ کی ہوتی ہے اسکے تین دندانے ہوتے ہیں اور جس حرف پر شد ہو اس کو مُشَدَّد کہتے ہیں اور حرف کی شد والی حالت کو تشدید کہتے ہیں، تشدید والا حرف اصل میں دو حروف ہوتے ہیں جن میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہوتا ہے جیسے اَبَّ: اصل میں اس طرح ہے اَبْبَ: اس میں پہلا با ساکن اور دوسرا متحرک ہے، اسی وجہ سے جب مشدد حرف پڑھا جاتا ہے تو دو دفعہ پڑھتے ہیں ایک مرتبہ اپنے سے پہلے حرف سے مل کر اور دوسری مرتبہ اپنی حرکت کے ساتھ پڑھا جاتا ہے اور اس مشدد کو سختی کے ساتھ ذرا رک کر پڑھیں گے، مشدد حرف کی ادائیگی کے وقت حرف کو کھینچنے سے بچائیں، اسی طرح شد والے حرف پہلے حرف کو بھی لمبا ہونے سے بچائیں، جیسے اَبَّ سے اٰبَّ نہ ہو جائے بلکہ اَبَّ ہی رہے۔ ن، م، مشدد پر ایک الف کے برابر غنہ کریں۔ اس سبق میں تشدید کی مشق کے ساتھ ساتھ قریب الصوت حروف میں واضح فرق کریں۔

ہجے کا طریقہ: اَبَّ: ہمزہ باز بر اَب، باز بر ب = اَبَّ، اَبِّ: ہمزہ باز بر اَب، باز یر بِ = اَبِّ، اَبُّ: : ہمزہ باز بر اَب، با پیش بُ = : اَبُّ،

اَتُّ	اَتِّ	اَتَّ	اَبُّ	اَبِّ	اَبَّ
اَجُّ	اَجِّ	اَجَّ	اَثُّ	اَثِّ	اَثَّ
اَخُّ	اَخِّ	اَخَّ	اَحُّ	اَحِّ	اَحَّ
اَذُّ	اَذِّ	اَذَّ	اَدُّ	اَدِّ	اَدَّ
اَزُّ	اَزِّ	اَزَّ	اَرُّ	اَرِّ	اَرَّ
اَشُّ	اَشِّ	اَشَّ	اَسُّ	اَسِّ	اَسَّ
اَضُّ	اَضِّ	اَضَّ	اَصُّ	اَصِّ	اَصَّ
اَظُّ	اَظِّ	اَظَّ	اَطُّ	اَطِّ	اَطَّ
اَغُّ	اَغِّ	اَغَّ	اَعُّ	اَعِّ	اَعَّ
اُقُّ	اِقِّ	اَقَّ	اُفُّ	اِفِّ	اَفَّ
اَلُّ	اَلِّ	اَلَّ	اَكُّ	اَكِّ	اَكَّ
اَنُّ	اَنِّ	اَنَّ	اَمُّ	اَمِّ	اَمَّ
اَهُّ	اَهِّ	اَهَّ	اَوُّ	اَوِّ	اَوَّ
اَىُّ	اَيِّ	اَىَّ	اَءُّ	اَءِّ	اَءَّ
اُتُّ	اِتِّ	اَتَّ	اُبُّ	اِبِّ	اَبَّ
اُجُّ	اِجِّ	اَجَّ	اُثُّ	اِثِّ	اَثَّ
اُخُّ	اِخِّ	اَخَّ	اُحُّ	اِحِّ	اَحَّ

اَدَّ	اِدِّ	اُدُّ	اَذَّ	اِذِّ	اُذُّ
اَرَّ	اِرِّ	اُرُّ	اَزَّ	اِزِّ	اُزُّ
اَسَّ	اِسِّ	اُسُّ	اَشَّ	اِشِّ	اُشُّ
اَصَّ	اِصِّ	اُصُّ	اَضَّ	اِضِّ	اُضُّ
اَطَّ	اِطِّ	اُطُّ	اَظَّ	اِظِّ	اُظُّ
اَعَّ	اِعِّ	اُعُّ	اَغَّ	اِغِّ	اُغُّ
اَفَّ	اِفِّ	اُفُّ	اَقَّ	اِقِّ	اُقُّ
اَكَّ	اِكِّ	اُكُّ	اَلَّ	اِلِّ	اُلُّ
اَمَّ	اِمِّ	اُمُّ	اَنَّ	اِنِّ	اُنُّ
اَوَّ	اِوِّ	اُوُّ	اَهَّ	اِهِّ	اُهُّ
اَءَّ	اِءِّ	اُءُّ	اَیَّ	اِیِّ	اُیُّ
اَلَّا		اِلَّا		اُلَّا	

مشق

اس سبق کو ہجے، رواں اور وقف کے ساتھ پڑھائیں اور ایسے کلمات میں خصوصی خیال جن میں حرکات کے بعد واؤ اور ی مشدد آجائیں تو انھیں بغیر غنہ کے سختی کے ساتھ ادا کریں جیسے ھَیِّنٌ، بِقُوَّةٍ وغیرہ۔ اور مشدد حرف پر وقف احتیاط سے کرائیں اور قلقلہ نہ ہونے دیں تاہم اگر کلمے کا آخری حرف، حرف قلقلہ ہو تو وہاں قلقلہ ضرور کرائیں، اور ن، ر، ی مشدد پر بھی وقف احتیاط سے کرائیں کیونکہ اکثر طلبہ ان حروف پر وقف کرتے وقت غلطی کرتے ہیں۔

ہجے کا طریقہ: حُصِّلَ: حا، صاد پیش، حُصْ، صاد زیر صِ = حُصِّ، لام زبر لَ = حُصِّلَ، وقفاً حُصِّلْ۔

وَتَبَّ	تَبَّتْ	شَرِّ	تَوَّابًا	يُكَذِّبُ	يَدُعُّ
يَحُضُّ	رَبُّكَ	سَرِيًّا	تَطَّلِعُ	حُصِّلَ	ذَرَّةٍ
شَقِيٌّ	غَنِيٌّ	وَلِيٌّ	هَيِّنٌ	سَدًّا	بِقُوَّةٍ
خَفِيًّا	شَقِيًّا	عِتِيًّا	مَرَّ	تَبَيَّنَ	حَبَّةٍ
مَنًّا	فَطَلَّ	ذُرِّيَّةٌ	يَذَّكَّرُ	يُوَفَّ	تَعَفُّفِ
سِرًّا	حَرَّمَ	مُسَمًّي	يُمِلَّ	تَضِلَّ	تُحَمِّلْنَا
غَرَّهُمْ	تُعِزُّ	مُحَرَّرًا	طَيِّبَةً	سَيِّدًا	أَحَسَّ
يَخْتَصُّ	اَوَّلَ	فَاَلَّفَ	تَبْيَضُّ	صِرٌّ	سَيِّئَةٌ
تُبَوِّئُ	هَمَّتْ	اَذِلَّةٌ	مُسْتَمِرٌّ	خُشَّعًا	صَبَّحَهُمْ
عَلَّمَ	رَجًّا	نُبَدِّلَ	سُلَّمٌ	يَبُثُّ	مطَهَّرَةٌ
حِطَّةٌ	سُجَّدًا	مُسَلَّمَةٌ	يَشَّقَّقُ	جَنَّةٍ	ثُمَّ
اِنَّ	دَكَّةً	اُمَّةٌ	غُصَّةٍ	لُجِّيٌّ	دُرِّيٌّ
هَدًّا	جَنِيًّا	فَرِيًّا	كَذَّبَ	صَفًّا	دَكًّا
ضِدًّا	عِزًّا	مَدًّا	صِلِيًّا	جِثِيًّا	مَرَدًّا
سَبِيًّا	عَشِيًّا	لُدًّا	اِدًّا	عَدًّا	اَزًّا
يُخَيَّلُ	تَقَرَّ	مَتَنًّا	اُمِّكَ	اَهُشُّ	حَيَّةٌ

لَاُقَطِّعَنَّ	مَسَّ	مُتَرَبِّصٌ	نَقُصٌّ	سَوَّلَتْ	ضَرًّا

سبق نمبر (22) حروفِ مدہ ا ـــو ـــ ی کا بیان

حروف مدہ تین ہیں (ا، و، ی) جب الف ساکن بے جھٹکے سے پہلے زبر ہو تو اس کو الف مدّہ کہتے ہیں جیسے ثَا، بَا، جَا، وغیرہ اور جس واؤ ساکن سے پہلے پیش ہو اس کو واؤ مدہ کہتے ہیں جیسے بُوْ، ثُوْ، جُوْ وغیرہ، اور جس یا ساکن سے پہلے زیر ہو اسکو یائے مدہ کہتے ہیں جیسے بِيْ، ثِيْ، دِيْ وغیرہ، ان کو ایک الف کے برابر کھینچ کر پڑھیں گے، بعض طلبہ ان کو ایک الف سے کم اور بعض ایک الف سے زیادہ کھینچ کر پڑھتے ہیں یہ دونوں طریقے غلط ہیں اس لیے معلّمین، طلبہ کو اچھی طرح پہچان کرائیں اور ان کی صحیح ادائیگی پر خوب توجہ دیں، اور ان کو مخارج کا لحاظ کرتے ہوئے معروف پڑھائیں مجہول نہ پڑھائیں، اور صرف حرف مدہ کو لمبا کریں اس سے پہلے حرف کو لمبا پڑھنے سے بچیں۔

مد معلوم کرنے کا طریقہ: کھلی انگلی کو درمیانے طریقے سے بند کیا جائے یا بند انگلی کو درمیانے طریقے سے کھولا جائے۔ لیکن یہ محض اندازہ ہے اصل دار و مدار استاد کے پڑھانے پر ہے۔

ہجے کرنے کا طریقہ: بَا: با الف زبر بَا، بُوْ: با واؤ پیش بُوْ، بِيْ: با یا زیر بِيْ

بَا	بُوْ	بِيْ	تَا	تُوْ	تِيْ
ثَا	ثُوْ	ثِيْ	جَا	جُوْ	جِيْ
حَا	حُوْ	حِيْ	خَا	خُوْ	خِيْ
دَا	دُوْ	دِيْ	ذَا	ذُوْ	ذِيْ
رَا	رُوْ	رِيْ	زَا	زُوْ	زِيْ
سَا	سُوْ	سِيْ	شَا	شُوْ	شِيْ

صَا	صُوْ	صِيْ	ضَا	ضُوْ	ضِيْ
طَا	طُوْ	طِيْ	ظَا	ظُوْ	ظِيْ
عَا	عُوْ	عِيْ	غَا	غُوْ	غِيْ
فَا	فُوْ	فِيْ	قَا	قُوْ	قِيْ
كَا	كُوْ	كِيْ	لَا	لُوْ	لِيْ
مَا	مُوْ	مِيْ	نَا	نُوْ	نِيْ
وَا	وُوْ	وِيْ	هَا	هُوْ	هِيْ
ءَا	ءُوْ	ءِيْ	يَا	يُوْ	يِيْ

مشق

اس سبق کو ہجے، رواں اور وقف کے ساتھ پڑھائیں، حروف کی ادائیگی کا خاص خیال رکھیں۔

ہجے کا طریقہ: حُوْرٌ: حاواؤپیش حُوْ، رادوپیش رٌ = حُوْرٌ، وقفاً حُوْرْ۔

جس کلمے کا آخری حرف، حرف مدہ ہو اس پر وقف کرنے کی کی صورت میں اسے وقفاً اسی طرح پڑھیں گے جیسے قَالَا کو وقف کی صورت میں قَالَا ہی پڑھیں گے اور یَمَسَّنِيْ کو یَمَسَّنِيْ اور قَالُوْا کو قَالُوْا ہی پڑھیں گے، اور جس کلمے کے آخری حرف سے پہلے حرف مدہ ہو، اس پر وقف کرنے کی صورت میں آخری حرف کو ساکن کرکے حرف مدہ پر تین یا چار الف کے برابر مد کرسکتے ہیں، جیسے حَصِيْدٌ سے حَصِيْدْ، اور اگر کلمے کا آخری، حرف قلقلہ ہو تو اس پر وقف کرتے وقت حرف مدہ پر مد کرنے کے ساتھ حرف قلقلہ پر قلقلہ بھی ہوگا جیسے سَعِيْدٌ سے سَعِيْدْ وغیرہ۔

حِسَابُهُمْ	لَاهِيَةً	نَارًا	اَفْوَاجًا	طَعَامِ	رَاضِيَةٍ
حَامِيَةٌ	قَائِمٌ	مُعْرِضُوْنَ	يَلْعَبُوْنَ	اَعُوْذُ	جُوْعٍ
مَشْهُوْدٌ	يَمُوْتُ	حُوْرٌ	مَرْكُوْمٌ	دِيْنِ	تَضْلِيْلٍ
شَهِيْدٌ	تَتْبِيْبٍ	حَصِيْدٌ	شَدِيْدٌ	سَعِيْدٌ	ظَالِمَةٌ
وَابِلٌ	مِدَادًا	وَاحِدٌ	حَنَانًا	نُحَاسٌ	سَحَابٌ
طَاعَةٌ	قُعُوْدًا	يَبْتَغُوْنَ	يُؤْمِنُوْنَ	يُقِيْمُوْنَ	يُنْفِقُوْنَ
قُلُوْبِهِمْ	يَكْسِبُوْنَ	زَفِيْرٌ	شَهِيْقٌ	خَبِيْرٌ	بَصِيْرٌ
يَمْسَسْنِيْ	اَثِيْمٍ	وَكِيْلًا	نَصِيْرًا	غَاسِقٍ	حَاسِدٍ
فَارِضٌ	لَازِبٍ	مَارِدٍ	خُوَارٌ	وَاقِعٌ	دَانٍ
زَانٍ	قَادِرٌ	رَءُوْفٌ	صُوْرَةٍ	يَعْلَمُوْنَ	يُقَتِّلُوْنَ
قَالُوْا	عَزَّرُوْهُ	يَعْدُوْنَ	نُهُوْا	مِيْثَاقٌ	كَثِيْرَةٌ
عِيْشَةٍ	فِيْمَ	حِيْلَةً	حَلِيْمٌ	مُبِيْنًا	حَمِيْدٌ
مَحْفُوْظٍ	صَوَابًا	وِفَاقًا	عَذَابًا	صِرَاطَ	قَالَا
بَشِيْرٌ	نَذِيْرٌ	عَظِيْمٍ	عَلِيْمٌ	حَكِيْمٌ	حَفِيْظٌ
اَلِيْمٍ	حِيْنٍ	فَخُوْرٌ	كَفُوْرٌ	قَدِيْرٌ	كَبِيْرٍ
بِمُعْجِزِيْنَ	يَضَّرَّعُوْنَ	يُبْصِرُوْنَ	يَعْمَلُوْنَ	يُبْخَسُوْنَ	مُسْلِمُوْنَ
صَالِحٍ	قَلِيْلٌ	هُوْدًا	عَادٍ	نُوْحٍ	اِجْرَامِيْ

غَلِیْظٍ	تَرْحَمْنِیْ	تَغْفِرْلِیْ	نُوْحِیْهَا	غِیْضَ	اَقْلِعِیْ
لُوْطٍ	عَذَابٌ	مَكْذُوْبٍ	تَخْسِیْرٍ	قَرِیْبٌ	عَنِیْدٍ

سبق نمبر (23) حروفِ لین و ـــ ی

حروف لین دو (2) ہیں (و، ی) ان کو نرمی سے ادا کریں اور ایک الف کے برابر لمبا کریں اور آواز معروف ہو مجہول نہ ہو، نیز حروف لین اور حروف مدہ کی آواز میں فرق بھی کریں، جس واؤ اور ی ساکن سے پہلے زبر ہو اس کو حروف لین کہتے ہیں، جیسے : بَوْ، بَيْ۔

ہجے کا طریقہ: بَوْ: باواؤزبر بَوْ، بَيْ: بایازبر بَيْ،

بَوْ	بَيْ	تَوْ	تَيْ	ثَوْ	ثَيْ
جَوْ	جَيْ	حَوْ	حَيْ	خَوْ	خَيْ
دَوْ	دَيْ	ذَوْ	ذَيْ	رَوْ	رَيْ
زَوْ	زَيْ	سَوْ	سَيْ	شَوْ	شَيْ
صَوْ	صَيْ	ضَوْ	ضَيْ	طَوْ	طَيْ
ظَوْ	ظَيْ	عَوْ	عَيْ	غَوْ	غَيْ
فَوْ	فَيْ	قَوْ	قَيْ	كَوْ	كَيْ
لَوْ	لَيْ	مَوْ	مَيْ	نَوْ	نَيْ
وَوْ	وَيْ	هَوْ	هَيْ	اَوْ	اَيْ
		يَوْ	يَيْ		

مشق

اس سبق کو بھی ہجے، رواں اور وقف کے ساتھ طلبہ سے سنیں اور اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ زیادہ لمبا، مجہول پڑھنے سے بچائیں۔

ہجے کا طریقہ: خَوْفٍ: خا واؤ زبر خَوْ، فا دو زیر فٍ، = خَوْفٍ وقفاً خَوْفْ۔

جس کلمے کا آخری حرف، حرف لین ہو اس پر وقف کرنے کی صورت میں اسے وقفاً اسی طرح ہی پڑھیں گے جیسے رَأَوْا سے رَأَوْا، ہی پڑھا جائے گا، اور جس کلمے کے آخری حرف سے پہلے حرف لین ہو، اس پر وقف کی صورت میں آخری حرف کو ساکن کرکے حرف لین پر تین یا چار الف کے برابر مد کر سکتے ہیں جیسے خَوْفٍ، سے خَوْفْ، اور قَوْمٍ سے قَوْمْ، اور اگر آخری حرف، حرف قلقلہ ہو تو مد کے ساتھ ساتھ قلقلہ بھی کریں گے جیسے زَيْدٌ سے زَيْدْ۔

خَوْفٍ	تَوَاصَوْا	سَوْفَ	يَوْمٌ	قَوْلًا	طَوْعًا
قَوْمٍ	تَوْبَةً	أَوْفُوا	فَاٰتَوْا	مَوْعِظَةً	رَأَوْا
فَوْقَ	عَوْرَةٌ	مَوْرًا	زَوْجَكَ	يَخْشَوْنَ	خَلَوْا
فَوْزًا	سَعَوْ	فَوْتَ	تَوْصِيَةً	غَوْلٌ	لَشَوْبًا
أَلْفَوْا	فَنَادَوْا	فِرْعَوْنُ	نَجْوٰتَ	سَوْطَ	صَوْمًا
غَوْرًا	كَوْكَبٌ	هَوْنًا	وَيْلٌ	قُرَيْشٍ	كَيْفَ
كَيْدَهُمْ	طَيْرًا	عَيْنٌ	شَيْئًا	خَيْرٌ	بَيْتًا
زَيْغٌ	فِئَتَيْنِ	حَيْثُ	مَيْلَةً	غَيْرِ	لَيْلَةً
قَلْبَيْنِ	لَيْسَ	عَلَيْكُمْ	فَتَعَالَيْنَ	ضِعْفَيْنِ	مَرَّتَيْنِ
زَيْدٌ	يُؤْذَيْنَ	فَأَبَيْنَ	سَيْلَ	جَنَّتَيْنِ	ذَوَاتَيْ

شَيْءٍ	بَيْنَ	يَسْعَوْنَ	يَدَيْ	غَيْبِ	مَيْتَةُ
صَيْحَةً	بَيْضٌ	اَلْقَيْنَا	مُصْطَفَيْنَ	حَيْرَانَ	سَيْرًا
فَاَمْلَيْتُ	يَغْنَوْا	تَعْثَوْا	شُعَيْبًا	ضَيْفِيْ	شَيْخًا

سبق نمبر (24) کھڑا زبر ٰ کھڑی زیر ٖ اُلٹا پیش ٗ کا بیان

حروف مدہ دو طرح کے ہوتے ہیں (1) الف ساکن ما قبل زبر، یا ساکن ما قبل زیر، واؤ ساکن ما قبل پیش ہو تو یہ حروف مدہ کہلاتے ہیں جن کا ذکر سبق نمبر 22 میں گزر چکا ہے (2) حروف مدہ کی دوسری قسم کھڑا زبر، کھڑی زیر اور الٹا پیش ہے۔ اگرچہ ان کی شکل حروف مدہ جیسی نہیں ہے لیکن یہ قائم مقام حروف مدہ ہوتے ہیں کیونکہ یہ آواز اور مقدار میں حروف مدہ کی طرح ایک الف کے برابر کھینچ کر پڑھے جاتے ہیں۔

سب سے قبل طلبہ کو کھڑا زبر ٰ کھڑی زیر ٖ اُلٹا پیش ٗ کی پہچان کرائیں کہ کھڑا زبر حرف کے اوپر، کھڑی زیر حرف کے نیچے اور الٹا پیش حرف کے اوپر ہوتا ہے۔ اور ن، م، کو ادا کرتے وقت آواز کو ناک میں ضرورت سے زائد نہ جانے دیں، نیز اس سبق کو پڑھانے کے ساتھ پچھلے اسباق حرکات و تنوین کے ساتھ وزن کرا کر یاد کرائیں کہ مثلاً ب: کھڑی زبر بٰ، کو کھینچ کر اور ب زبر بَ کو بغیر کھینچے اور ب دو زبر بًا کو غنہ کے ساتھ، اسی طرح کھڑی زیر اور الٹے پیش کو ہر حرف کے ساتھ خوب ذہن نشین کرادیں کہ بچہ دیکھے اور بغیر دیکھے فوراً ٹھیک ادا کرے اور کہیں مغالطہ نہ کھائے۔ مشق کے لیے ذیل میں حروف دیے جا رہے ہیں،

اٰ	اٖ	اٗ	بٰ	بٖ	بٗ
تٰ	تٖ	تٗ	ثٰ	ثٖ	ثٗ
جٰ	جٖ	جٗ	حٰ	حٖ	حٗ

دٗ	دٖ	دٰ	خٗ	خٖ	خٰ
رٗ	رٖ	رٰ	ذٗ	ذٖ	ذٰ
سٗ	سٖ	سٰ	زٗ	زٖ	زٰ
صٗ	صٖ	صٰ	شٗ	شٖ	شٰ
طٗ	طٖ	طٰ	ضٗ	ضٖ	ضٰ
عٗ	عٖ	عٰ	ظٗ	ظٖ	ظٰ
فٗ	فٖ	فٰ	غٗ	غٖ	غٰ
كٗ	كٖ	كٰ	قٗ	قٖ	قٰ
مٗ	مٖ	مٰ	لٗ	لٖ	لٰ
وٗ	وٖ	وٰ	نٗ	نٖ	نٰ
هٗ	هٖ	هٰ	ةٗ	ةٖ	ةٰ
يٗ	يٖ	يٰ	ءٗ	ءٖ	ءٰ

بُ، بٗ، بٌ	بِ، بٖ، بٍ	بَ، بٰ، بًا
تُ، تٗ، تٌ	تِ، تٖ، تٍ	تَ، تٰ، تًا
ثُ، ثٗ، ثٌ	ثِ، ثٖ، ثٍ	ثَ، ثٰ، ثًا

جَ،جٰ،جا	جِ،جٖ،جٍ	جُ،جٗ،جٌ
حَ،حٰ،حا	حِ،حٖ،حٍ	حُ،حٗ،حٌ

مشق

اس سبق کو ہجے ،رواں اور وقفاً پڑھائیں سبق کی تکمیل پر شروع سے لازمی ٹیسٹ لیں اگر کہیں کمی محسوس ہو تو اس سبق کو دوبارہ پڑھائیں۔ بعض لوگ کھڑا زبر والے حرف پر وقف کرتے ہوئے تین یا چار الف کے برابر مد کرتے ہیں یہ بالکل غلط ہے، وقف میں بھی ایک الف کے برابر ہی مد رہنی چاہیے،

جس کلمے کے آخری حرف پر کھڑی زبر ہو اسے وقف کی صورت میں اسی طرح ہی پڑھیں گے،اور اگر کھڑی زیر ہو تو اس کو وقف کی صورت میں ساکن کردیں گے، لیکن اگر کھڑی زیری کے نیچے ہو تو اس کو وقف کی صورت میں پڑھیں گے،اور اگر الٹا پیش ہو تو ساکن کردیں گے لیکن اگر الٹا پیش واوپر ہے تو پڑھا جائے گا۔

